خدمات کی توفیق عطا فرمائے۔آمین

کتاب کا نام: خاندان کو لاحق خطرات اور ممکنہ لائحہ عمل

مصنف: پروفیسر ڈاکٹر جہاں آراء لطفی

ناشر: اسلامک ریسرچ اکیڈمی، کراچی، ۲۰۱۰ء

قیمت وصفحات: ۲۵ روپے ۲۴ صفحات

پروفیسر جہاں آراء لطفی صاحبہ شیخ زاید سینٹر کراچی میں پروفیسر کی حیثیت سے فرائض انجام دے رہی ہیں اور ہماری کانفرنسوں میں بھی شرکت کے ساتھ کاموں کی حوصلہ افزائی فرماتی ہیں، آپ کو بولنے اور لکھنے دونوں کاموں کا سلیقہ ہے۔اگر آپ کو آزادی سے کام کرنے دیا جائے تو یقیناً بڑا علمی کام کرسکتی ہیں۔یہ مختصر کتابچہ اصلاح معاشرہ وخاندان کے حوالہ سے ہے،جس میں خاندان کی تعریف لاحق اندرونی وبیرونی خطرات اور نکاح کی اہمیت ومسائل سے بحث کی گئی ہے۔

کتاب کا نام: سچی کہانیاں حصہ اوّل (بچوں کے لئے باتصویر کہانیاں)

مصنف: پروفیسر ڈاکٹر حسن محمد خان

ناشر: A-42 پریم والا زفیز II مین یونیورسٹی روڈ، صفورہ چورنگی، کراچی

قیمت وصفحات: ۱۵۰ روپے ۷۵ صفحات

ڈاکٹر صاحب بحیثیت پروفیسر کالج سے ریٹائرڈ ہوئے، ہمیشہ لکھنے لکھانے سے متعلق رہے ہیں، اس کتاب کے ذریعہ بچوں کو اسلامی تاریخ اور قرآن کریم سے آگاہ کرنے کی بہترین کوشش کی گئی ہے، اس میں دس کہانیاں اسی تناظر میں تحریر کی گئی ہیں۔

کتاب کا نام: اندھڑ قبیلہ تاریخی تناظر میں

مصنف: پروفیسر ڈاکٹر عبدالوحید اندھڑ/محمد حسین مشتاق اندھڑ

ناشر: الغازی پبلیکیشن بھونگ شریف ضلع رحیم یار خاں، ۲۰۱۵ء

قیمت وصفحات: ۴۰۰ روپے ۳۰ صفحات

پروفیسر ڈاکٹر عبدالوحید صاحب اس سے قبل بھی متعدد اہم تحقیقی کتب تحریر فرما چکے ہیں اور پچھلے شمارہ میں ہم نے موصوف کے پی ایچ ڈی مقالہ پر تبصرہ بھی کیا تھا۔یہ کتاب بھی کسی پی ایچ ڈی مقالہ سے کم درجہ کی نہیں ہے، گیارہ ابواب پر مشتمل اس کتاب میں اندھڑ قبیلہ کی جامع تاریخ پیش کی گئی اور ثابت کیا گیا ہے کہ یہ قبیلہ ہندوپاک کے علاوہ دیگر ممالک میں بھی پایا جاتا ہے۔

پہلے تین ابواب میں سندھ کی تاریخ اور سندھ سے تصوف کا تعلق بیان کیا گیا ہے، چوتھے باب